قرآن عزیز حکیم

ان الدین عند اللہ الاسلام

اسلام

مرتبہ

جناب نواب محمد علی خاں صاحب الہ آبادی

باہتمام حقیر مرزا محمد جواد

درنظامی پریس لکھنو طبع گردید

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین

امابعد، طالبان مضامین قرآنی ومتجسسانِ آیات فرقانی کے سہولت کی نظر سے اِس خاکسار نے ایسے مضامین کی آیات جن کی عموماً مسلمانوں کو ضرورت رہتی ہے اور جنکی تلاش میں وقت صرف ہوتا ہے یکجا جمع کردیے ہیں۔

جو کہ طلبہ علوم۔ حفّاظ۔ ذاکرین۔ علماء۔ مناظر۔ سب کو یکساں مفید ہیں مثلاً یہ منظور ہے کہ خدائے عزّوجل نے اسلام کا کہاں کہاں قرآن مجید میں ذکر فرمایا ہے۔ تو اِس رسالہ میں کل آیات متعلقۂ اسلام ایک جگہ ملیں گی۔

اسیطرح منافقین مومنین متقین۔ صادقین۔ صالحین۔ خلافت وامامت عہدُ میثاق۔ ولی۔ النور۔ صراط مستقیم۔ نعمت وغیرہ وغیرہ ایک مقام پر ملجائینگی۔

معذرت

انسان ہوں، غلطی معاف، اصلاح کا امید وار ہوں والسلام

محمد علی خاں

"الہ آباد"

نوٹ:۔ "بٹہ کے اوپر پارہ، نیچے رکوع ہے، سطر سے پہلے نمبر سلسلہ ہے"

اِسلام

مسلمان ہونا۔ اطاعت کرنا

(۱) وَقَالُوا لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ كَانَ هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ ۗ

اور انھوں نے یہ کہا کہ سوائے اسکے جو یہودی یا نصرانی ہو ہرگز داخل جنت نہ ہوگا۔ یہ اُن کی

تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ ۗ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ○

آرزوئیں ہیں۔ تم (یہ) کہدو (کہ) اگر تم سچے ہو تو اپنی دلیل پیش کرو۔

بَلَىٰ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ

ہاں جو شخص خدا کے لئے اپنی ذات کو آمادہ اطاعت کرے اور وہ نیکو کار (بھی) ہو اسکا اجر

رَبِّهِ ۖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○

خدا کے ذمہ ہے اور جو (ایسے ہیں) اُن کو نہ (آئندہ کا) خوف ہوگا اور نہ وہ (گزشتہ کا) رنج کرینگے

$\frac{1}{14}$

(۲) وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ ۖ

اور اُسوقت کو یاد کرو جبکہ ابراہیم اور اسمعیل اس گھر کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے (اور یہ عرض کر رہے تھے)

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ رَبَّنَا

اے ہمارے پروردگار ہماری یہ خدمت قبول کر بالتحقیق تو سننے والا اور جاننے والا ہے اے ہمارے پروردگار

وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً

ہم دونوں کو اپنا فرمانبردار قرار دے اور ہماری اولاد سے ایک گروہ کو اپنا فرمانبردار قرار دے

$\frac{1}{15}$

لَكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ

اور ہمیں ہمارے قواعد تعلیم فرما اور ہماری توبہ قبول فرما بلاشک تو بڑا

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

توبہ قبول کرنے والا (اور) رحم فرمانے والا ہے۔

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ (۳) ١/١٦

اور ملت ابراہیم سے روگرداں ہو کون سکتا ہے سوائے اسکے کہ جو اپنے آپ کو بھی

نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى

نسمجھا ہو۔ حالانکہ اونہیں دنیا میں بھی برگزیدہ قرار دیا تھا، اور آخرت میں بھی

الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ وَاِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ

وہ (یعنی ابراہیم) صالحین میں سے ہیں۔ جو قت اُن کے پروردگار نے

اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَوَصّٰى بِهَآ

اُن سے فرمایا کہ اطاعت کرو اُنھوں نے عرض کی کہ میں ربالعالمین کا مطیع ہوں اور

اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى

ابراہیم اور یعقوب نے اپنے بیٹوں کو اس کی وصیت کی کہ اے میرے بیٹو!

لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○

اللہ نے تمہارے لئے اس دین کو پسند فرمایا ہے پس تم ہرگز نہ مرنا مگر اس حالت میں کہ فرمانبردار ہو

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ

آیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوب کو موت آئی تھی

اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِىْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ

اسوقت انھوں نے اپنے بیٹوں سے دریافت کیا تھا کہ تم میرے بعد کس کی عبادت کروگے، انھوں نے

اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَ

عرض کی کہ ہم آپ کے معبود اور آپ کے دادا چچا باپ ابراہیم و اسمعیل اور

اِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ○

اسحٰق کے معبود خدائے واحد کی عبادت کیا کرینگے اور ہم اسی کے مطیع اور مسلمان رہینگے۔

(۴) قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى ١/١٦

تم یہ کہدو کہ ہم ایمان لائے ہیں اللہ پر اور جو کچھ ہمپر نازل کیا گیا ہے اسپر اور جو کچھ

اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ

ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اسباط پر نازل کیا گیا ہے اسپر

وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ

اور جو کچھ موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا گیا ہے اُسپر اور جو اور نبیوں کو

رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ○

انکے رب کیطرف سے ملا ہے اسپر اور ہم (شامل ہو دیکے) انمیں سے کسی میں کوئی فرق نہیں کرتے اور ہم اسی خدا کے مطیع ہیں

(۵) اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ ٣/١٠

دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے اور جن کو کتاب دیگئی تھی اُنھوں نے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۗ

اختلاف نہیں کیا مگر آپس کے حسد کی وجہ سے بعد اِس کے کہ اُن کو علم ہو گیا تھا۔

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○

اور جو (شخص) خدا کی آیتوں کا منکر ہوگا تو اللہ اُس سے بہت جلد حساب لینے والا ہے

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۗ

پھر اگر وہ تم سے حجت کریں تو کہدو کہ میں نے اور میرے تابعین نے خدا کے سامنے (اطاعۃ) اپنا سر جھکا دیا ہے

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ۗ

اور ان لوگوں سے جن کو کتاب دیگئی ہے اور ان پڑھ لوگوں سے دریافت کرلو کہ آیا تم بھی اسلام لائے، اگر وہ

فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

اسلام لے آئینگے تو یقیناً ہدایت یافتہ ہو جائیں گے۔ اور اگر روگرداں ہونگے تو تمھارے ذمہ تو

عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ط وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝

صرف پیغام پہونچا دینا ہی اور اللہ کل بندوں کا خود نگراں ہے۔

(٦) فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ

٣/١٣

پھر جب عیسیٰ نے اُن کی طرف سے انکار محسوس کیا تو بولے اللہ کے کام میں میرے

اِلَى اللّٰهِ ط قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ

مددگار کون ہیں حواری بولے اللہ کے مددگار ہم ہیں ہم اللہ پر ایمان لائے

وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝

اور گواہ رہیے کہ ہم فرمانبردار مسلمان ہیں

(٧) قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا

٣/١٥

(اے رسول) کہدو کہ اے اہل کتاب ایک ایسی بات کی طرف آجاؤ جو ہمارے تمہارے مابین مساوی ہے

وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا

کہ ہم سوائے خدا کے کسی کی پرستش نہ کریں اور اسکا کسی کو شریک نہ بنائیں اور حقیقی خدا کو

وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ط

چھوڑ کر ہم میں سے کوئی کسی کو پروردگار نہ بنائے

پھر اگر وہ

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝

رو گرداں ہوں تو یہ کہہ دو کہ اسکے گواہ رہنا کہ واقعی مسلمان ہم ہی ہیں۔

(٨) يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ

٣/١٥

اے اہل کتاب ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو۔ حالانکہ

التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ط اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

توریت اور انجیل نازل ہی اُن کے بعد کی گئی ہے۔ کیا تمھیں اتنی بھی عقل نہیں

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ

اے لوگو تم وہی تو ہو جو ابھی تو اسکے بارے میں جھگڑتے تھے جسکا تمھیں علم ہے۔ پھر

تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

اسکے بارے میں کیوں جھگڑنے لگے جسکا تمھیں علم نہیں ہے حالانکہ اللہ جانتا ہے اور تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّ

کچھ نہیں جانتے ابراہیم نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی

لٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

بلکہ وہ سچے مسلمان فرمانبردار تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے

(۹) مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۳/۱۶

کسی بشر کا یہ حوصلہ نہیں ہے کہ خدا تو اس کو کتاب اور حکمت اور نبوت دے

ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ

پھر وہ سب آدمیوں سے یہ کہے کہ تم خدا کو چھوڑ کر میرے بندے بنجاؤ البتہ (یہ کہیگا ہی)

كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

جیسے تم کتاب کی تعلیم اور تدریس کرتے ہو ایسے تم خود اللہ والے

تَدْرُسُوْنَ ۝ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

بن جاؤ اور اللہ تم کو یہ حکم نہیں دیتا کہ فرشتوں اور پیغمبروں کو

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

خدا بناؤ کیا وہ تم کو کفر کا حکم دیگا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو چکے ہو۔

(۱۰) اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۳/۱۷

کیا دین خدا کے سوا وہ کسی اور دین کے خواستگار ہیں حالانکہ آسمانوں میں اور زمینوں میں جو ہیں

طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ

برغبت اور بکراہت اسی کے مطیع ہو گئے اور اسی کے حضور میں پلٹ کر جائینگے اے رسول کہدو کہ ہم اللہ پر ایمان

عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَ

لائے ہیں اور جو ہمپر نازل ہوا ہے اور اسپر جو ابراھیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور

يَعۡقُوۡبَ وَالۡاَسۡبَاطِ وَمَاۤ اُوۡتِىَ مُوۡسٰى وَعِيۡسٰى وَالنَّبِيُّوۡنَ

یعقوب اور اسباط پر نازل ہوا تھا اور اسپر جو موسیٰ اور عیسیٰ اور اور پیغمبروں کو انکے

مِنۡ رَّبِّهِمۡ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡهُمۡ وَنَحۡنُ لَهٗ مُسۡلِمُوۡنَ ○

رب کی طرف سے دیا گیا تھا اور ہم (بحیثیت نبوت) انہیں کوئی فرق نہیں کرتے اور ہم اسکے فرمانبردار ہیں

وَمَنۡ يَّبۡتَغِ غَيۡرَ الۡاِسۡلَامِ دِيۡنًا فَلَنۡ يُّقۡبَلَ مِنۡهُ ۚ وَهُوَ

اور جو اسلام کے سوا کسی اور دین کا خواستگار ہو گا وہ اس سے ہرگز قبول نہ کیا جائیگا اور وہ

فِى الۡاٰخِرَةِ مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ○

روز قیامت نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔

(۱۱) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوۡتُنَّ اِلَّا 4/2

اے ایمان لانے والو اللہ سے ایسا ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور ہرگز نہ مرو لیکن

وَاَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ○ وَاعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰهِ جَمِيۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا

اس حالت میں کہ تم اسلام پر ہو اور چنگل مار کر سب اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑ لو اور پھوٹ نہ ڈالو

(۱۲) وَمَنۡ اَحۡسَنُ دِيۡنًا مِّمَّنۡ اَسۡلَمَ وَجۡهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحۡسِنٌ وَّاتَّبَعَ 5/15

اور جس نے اپنے آپ کو اطاعت خدا کے لئے جھکا دیا جس حال میں کہ وہ نیکو کار بھی ہو اور خلوص

مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ حَنِيۡفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبۡرٰهِيۡمَ خَلِيۡلًا ○

ملت ابراہیم کا پیرو ہو گیا ہو اس سے بہتر دین کس کا ہوگا، حالانکہ ابراہیم کو خدا نے اپنا خلیل مقرر کیا تھا۔

وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ (کا علم)

بِكُلِّ شَىۡءٍ مُّحِيۡطًا ○

ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے

(۱۳) اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا التَّوۡرٰٮةَ فِيۡهَا هُدًى وَّنُوۡرٌ ۚ يَحۡكُمُ بِهَا النَّبِيُّوۡنَ 6/11

بیشک ہمنے توریت نازل کی جسمیں ہدایت ہے اور نور ہے وہ نبی جو

(۱۱) الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ

مطیع خدا تھے یہودیوں کے فیصلے اسی کے مطابق کرتے رہے اور مطیع اللہ والے لوگ اور

بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا

جن کو اللہ کی کتاب کی حفاظت سپرد کی گئی اور وہ اسکے گواہ تھے پھر تم

النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ

لوگوں سے نہ ڈرو مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کو تھوڑی قیمت پر مت بیچو اور جو لوگ سکے

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝

مطابق حکم نہ کریں جو کچھ اللہ نے نازل کیا ہے وہ ہی کافر ہیں

(۱۲) وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا ۷/۵

اور جبکہ میں نے حواریوں کو وحی کی کہ تم مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ انھوں نے عرض کی

اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝

کہ ہم ایمان لائے اور تو اسکا گواہ رہنا کہ ہم مطیع ہیں (مسلمان ہیں)

(۱۳) قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ ۷/۸

کہدو کیا میں خدا کے سوا جو آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے کسی اور کو حامی بناؤں حالانکہ

وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَ

وہ سب کو کھلاتا ہے اور اسکو کچھ نہیں کھلایا جاتا تم کہدو کہ مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ سب سے پہلے میں اسلام

لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

لانیوالا بنوں اور تم ہرگز مشرکین میں سے نہونا

(۱۴) قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ ۷/۱۵

تم کہدو کیا ہم خدا کو چھوڑ کر انکی عبادت کریں جو ہمکو نہ نفع پہونچائیں نہ نقصان اور بعد اسکے کہ خدا

عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ

تم کو ہدایت کر چکا ہے مثل اس شخص کے پچھلے پاؤں پھر جائیں جسکو بھوتوں نے

فِي الْأَرْضِ حَيْرَانَ لَهُ أَصْحٰبٌ يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ط

زمین میں راستہ بھلاکر حیران کردیا ہو کہ اسکے یاردوست سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہیں کہ ادھر آو (ادھر آو)

قُلْ إِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ط وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِينَ ○

تم کہدو کہ اللہ کی ہدایت اصل ہدایت تو وہی ہے اور ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ ہم پروردگار عالم کو مان لیں

(۱۶) ۸/۲

فَمَنْ يُرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ ج وَمَنْ

پھر جسکی نسبت اللہ یہ چاہتا ہے کہ وہ اُسے ہدایت کرے تو اسکا سینہ ہدایت کیلئے کھول دیتا ہے اور جسکی نسبت

يُرِدْ أَنْ يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا

یہ چاہتا ہے کہ اُس سے توفیق ہدایت سلب کرلے تو اُسکے سینہ کو تنگ اور ٹھوس کردیتا ہے گویا وہ

يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ط كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ

آسمان کو چڑھا چلا جاتا ہے اسی طرح اُن لوگوں پر جو ایمان نہیں رکھتے ہیں اللہ خباثت

عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ○

کو سوار کردیتا ہے۔

(۱۷) ۸/۴

قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ

تم کہدو کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب عالموں کے پالنے والے

لَا شَرِيكَ لَهُ ج وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ○

خدا کے واسطے ہے جسکا کوئی شریک نہیں اور اسی کا مجھ کو حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا اطاعت کرنیوالا ہوں

(۱۸) ۹/۲

لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

میں تمھارے مقابل کے ہاتھ پاؤں ضرور کاٹوں گا

ثُمَّ لَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ ○ قَالُوا إِنَّا إِلَى رَبِّنَا

پھر تم سب کو سولی ضرور دونگا انھوں نے کہا کہ ہم تو لوٹ کر ضرور اپنے پروردگار

مُنْقَلِبُونَ ○ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيٰتِ رَبِّنَا

کے حضور میں چلے جائینگے اور تو ہمسے صرف اتنی ہی بات پر تو بگڑتا ہے کہ ہم اپنے رب کی نشانیوں پر

لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا

جب وقت کبھی ہمارے پاس آئیں ایمان لے آئے اے ہمارے پروردگار ہم کو بہت سا

مُسْلِمِيْنَ ۝

صبر عنایت فرما اور ہمارا خاتمہ اسلام پر کر۔

(۱۹) ۱۰/۱۶ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ

اے نبی! کفار اور منافقین سے جہاد کرو

وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝

اور اُن پر سختی کرو اور اُن کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت ہی بُری جگہ ہے

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ

وہ خدا کی قسم کھا کھا کر کہتے ہیں کہ اُنھوں نے ایسا نہیں کہا حالانکہ انھوں نے کفر کا کلمہ ضرور کہا

وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ

اور وہ اپنے اسلام کے بعد کافر ہو گئے اور ایسی بات کا قصد کیا جسے نہ کرسکے۔

(۲۰) ۱۱/۱۳ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى

پھر اگر تم روگرداں ہو تو میں نے تو تم سے کوئی مزدوری نہیں مانگی میری مزدوری تو اللہ

اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

کے ذمہ ہے اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں خالص اطاعت کرنے والوں میں سے ہو جاؤں۔

(۲۱) ۱۱/۱۴ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْۤا

اور موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ اے میری قوم اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر توکل کرو

اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ۝

اگر تم اطاعت کرنے والے ہو

(۲۲) ۱۱/۱۴ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَ

اور بنی اسرائیل کو دریا کے پار اُتار دیا پس فرعون نے اور اُس کے لشکر نے

جُنُودُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ

از روے بغاوت وظلم انکا پیچھا کیا یہاں تک کہ جب وہ ڈوبنے لگا تو اُسنے کہا

اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْۤ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْۤا اِسْرَآءِیْلَ

کہ میں اس بات پر ایمان لایا کہ جس خدا پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اُسکے سوا

وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

کوئی معبود نہیں ہے اور میں اطاعت کرنے والوں میں سے ہوں

(۲۳) فَاِلَّمْ یَسْتَجِیْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَاۤ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ ۱۲/۲

پھر اگر وہ تمہارے کہنے کو منظور نہ کریں تو سمجھ لو کہ جو کچھ نازل کیا گیا ہے خدا کے علم

وَاَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

سے نازل کیا گیا ہے اور یہ کہ خدائے تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں کیا اب بھی تم حکم ماننے والے ہوگے

(۲۴) رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ ۱۳/۵

اے میرے پروردگار بالتحقیق تونے مجھے حکومت میں سے حصہ دیا اور باتوں کی مجھے تعبیر (یعنی

الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا

مناسب جانی) سکھائی۔ اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے تو ہی دنیا و آخرت میں میرا کارساز ہے

وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۝

میرا خاتمہ فرمانبرداری کی حالت میں کیجیو اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملا دیجیو۔

(۲۵) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ الٓرٰ ۫ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ ۱۳/۱

بسم اللہ الرحمن الرحیم الٓر یہ کتاب کی یعنی

وَقُرْاٰنٍ مُّبِیْنٍ ۝ رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا

کھلے قرآن کی آیتیں ہیں جو لوگ کافر ہو گئے ہیں بہت دفعہ وہ خواہش کرینگے کہ کاش

مُسْلِمِیْنَ ۝ ذَرْهُمْ یَاْكُلُوْا وَیَتَمَتَّعُوْا وَیُلْهِهِمُ الْاَمَلُ

وہ مسلم ہوتے اُن کو چھوڑ دو کہ وہ کھائیں (پئیں) اور نفع اٹھائیں اور امید انکو لہو ولعب میں

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ○

ڈالے رہے۔ آگے چلکر تو اُنکو معلوم ہی ہو جائیگا۔

(۲۶) وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ ۱۴/۱۷

اور جو چیزیں اللہ نے پیدا کی ہیں انہیں سے بعض کے سائے تمہارے لئے بنائے اور پہاڑوں میں تمہارے

الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ

رہنے کے لئے محفوظ مقام مقرر کیے اور تمہارے لئے ایسے کپڑے پیدا کئے جو تمہیں گرمی بچاتے ہیں

وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ

اور ایسے لباس بنائے جو تم کو آپس کے حملوں سے محفوظ رکھتے ہیں اس طرح وہ اپنی نعمت تم پر

لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ○

پوری کرتا ہے تاکہ تم حقیقی اطاعت کرو۔

(۲۷) وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَ ۱۴/۱۸

اور جس دن ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ انھیں کے برخلاف مبعوث کریں گے۔ اور (اے رسول)

جِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

اُن سب پر تم کو گواہ بنا کر بلائینگے اور ہم نے تم پر یہ کتاب نازل کی جو

تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ○

کہ ہر چیز کا بلیغ بیان ہے اور حقیقی اطاعت کرنے والوں کے لئے ہدایت رحمت خوشخبری۔

(۲۸) قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ ۱۴/۱۹

تم یہ کہدو کہ اسے تو روح القدس نے تمہارے پروردگار کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا۔

اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ○

ہے تاکہ جو ایمان لائے ہیں اُن کو ثابت قدم کرے اور حقیقی اطاعت کرنیوالوں کیلئے ہدایت و بشارت ہو

(۲۹) وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ ۱۷/۷

اور (اے رسول) ہمنے تم کو تمام عالمون کے لئے رحمت ہی کر کے بھیجا ہے تم کہدو کہ سوائے اسکے نہیں ہے کہ مجھے

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○

وحی کی گئی ہے کہ تمہارا معبود معبودِ یکتا ہے تو آیا تم اب بھی مانو گے۔

۱۷/۱۲ (۳۰) وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ

اور ہر امت کے لئے ہمنے ایک عبادت کی جگہ قرار دیدی ہے کہ جو چوپائے ہمنے انکو رزق کے طور پر دیے ہیں

مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ

اُن کو اللہ کا نام لیکر ذبح کیا کریں پس تمہارا معبود معبودِ یکتا ہے پس تم اسی کے تابع ہو جاؤ اور ان

وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ○ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ

تضرع و زاری کرنے والوں کو خوشخبری سنا دو جنکے سامنے جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُنکے دل سہم جاتے ہیں

وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا

اور جو مصیبت اُنپر پڑتی ہے اُسپر صبر کرنے والے ہیں اور نماز کے ادا کرنے والے ہیں اور جو کچھ

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○

ہمنے اُن کو دیا ہے اُس کا ایک حصہ (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں۔

۱۷/۱۷ (۳۱) وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ

اور خدا کی راہ میں ایسا جہاد کرو جو حق جہاد کرنیکا ہے اُسنے تمکو چن لیا ہے اور تمپر دین کے

فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ

بارے میں کوئی سختی روا نہیں رکھی یہ تمہارے باپ ابراہیمؑ کی ملت ہے اور اس خدانے

الْمُسْلِمِيْنَ ○

پہلے سے تمہارا نام مسلم (مطیع فرمانبردار) رکھا۔

۱۹/۱۶ (۳۲) قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّىْۤ اُلْقِىَ اِلَىَّ كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ○ اِنَّهٗ مِنْ

(اس حکم کی تعمیل ہوگئی تو بلقیس اپنی جگہ بولی) اے بزرگان قوم میرے پاس یہ بزرگ خط ڈالا گیا ہے

سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلَّا تَعْلُوْا

یہ سلیمان کی طرف سے ہے اور اس میں یہ لکھا ہے کہ رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں) میرے خلاف

عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ○

تعلی نہ کرو اور میرے پاس فرمانبردار ہوکر چلے آؤ۔

(۳۳) قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَؤُا أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَنْ يَأْتُونِي ۱۹/۱۸

(اسکے بعد سلیمان نے) فرمایا ای ارکان دولت تم میں سے کون ایسا ہو جو بلقیس کا تخت میرے پاس لے آئے

مُسْلِمِينَ ○

قبل اسکے کہ (اکی قوم کے لوگ) میرے پاس فرمانبردار ہوکر حاضر ہوں

(۳۴) فَلَمَّا جَاءَتْ قِيلَ أَهَكَذَا عَرْشُكِ ط قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ ج ۱۹/۱۸

پھر جب وہ حاضر دربار ہوئی تو اُس سے کہا گیا کہ آیا یہ تیرا ہی تخت ہو کہنے لگی کہ معلوم تو ویسا ہی ہوتا ہو

وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ ○

اور ہم کو اسکا علم پہلے ہی دیدیا گیا ہے اور ہم مسلمان ہوگئے ہیں۔

(۳۵) قَالَتْ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ ۱۹/۱۸

(بلقیس) عرض کرنے لگی کہ ای میرے پروردگار بیشک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا تھا اور اب میں سلیمان کے ساتھ

رَبِّ الْعٰلَمِينَ ○

تمام عالموں کے پروردگار پر ایمان لاتی ہوں

(۳۶) وَمَا أَنْتَ بِهٰدِي الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا مَنْ ۲۰/۲

اور نہ تم اندھوں کو گمراہی سے راہ راست پر لا سکتے ہو تم تو اس شخص کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر

يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُسْلِمُونَ ○

ایمان رکھتا ہو کہ ایسے لوگ ماننے والے ہیں

(۳۷) إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا وَلَهُ ۲۰/۳

سوائے اسکے نہیں ہو کہ مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر کے پروردگار کی عبادت کروں جسنے اس کو

كُلُّ شَيْءٍ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ○

محترم قرار دیا ہو اور ہر چیز اسکی ہو اور مجھ کو یہ حکم دیا گیا ہو کہ میں طاعت کرنیوالوں میں سے ہو جاؤں۔

(۳۸) اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ○ وَاِذَا يُتْلٰى ۲۰/۹

اور وہ لوگ جنکو ہم نے اس سے پہلے سے کتاب دی تھی وہ اسپر ایمان رکھتے ہیں اور جب اُن کے سامنے

عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ

کلام خدا پڑھا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہم اسپر ایمان لائے بیشک یہ ہمارے پروردگار

قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ○

کی طرف سے برحق ہے ہم پہلے ہی سے اسکے تسلیم کرنے والے ہیں۔

(۳۹) وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۲۱/۱

اور اہل کتاب سے مجادلہ نہ کرو مگر اسطرح جو بہت ہی اچھا ہو سوائے انکے جو انمیں سے ظالم ہو گئے

مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰـهُنَا

اور یہ کہو کہ ہم (اسپر بھی) ایمان لائے ہیں جو ہماری طرف نازل کیا گیا اور اسپر بھی جو تمھاری طرف

وَاِلٰـهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ○

نازل کیا گیا اور ہمارا معبود اور تمھارا معبود ایک ہی ہے۔ اور ہم اسکے فرمانبردار ہیں۔

(۴۰) وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا ۲۱/۸

اور نہ تم دل کے اندھوں کو اُنکی گمراہی سے راہ راست پر لانے والے ہو تم تو صرف انکو سنا سکتے ہو جو

فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○

ہماری آیتوں پر ایمان رکھیں پھر فرمانبردار بھی ہوں۔

(۴۱) وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۲۱/۱۹

اور جب مومنوں نے کافروں کے جتھوں کو دیکھا تو یہ کہا کہ وہ یہی تو ہے جسکا اللہ نے اور اسکے رسول نے

وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ○

ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ نے اور اسکے رسول نے سچ فرمایا تھا غرض اس آزمائش نے اُنکے ایمان اور تسلیم کو بڑھا ہی دیا۔

(۴۲) اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ ۲۲/۱

یقیناً فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں اور دعا کرنیوالے مرد اور

وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ

سچے مرد اور سچی عورتیں، اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور گڑگڑانے والے مرد

وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ

اور گڑگڑانیوالی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد

وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ

اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کو محفوظ رکھنے والے مرد اور محفوظ رکھنے والی عورتیں اور بہت کثرت سے

اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً

خدا کی یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں، ان سب کے لیے خدائے تعالےٰ نے گناہوں کی بخشش

وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

اور بہت بڑا اجر مہیّا فرمایا ہے۔

(۴۳) اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ۲۲/۴

بالتحقیق اللہ اور اُس کے فرشتے نبی (یعنی محمدؐ وآل محمدؐ) پر درود بھیجتے رہتے ہیں، اے ایمان والو! تم

اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

بھی اُن پر درود بھیجو اور (اسکی فضیلت کو) ایسا تسلیم کرو جو تسلیم کرنیکا حق ہے۔ بالتحقیق جو لوگ

يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اللہ اور اُس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں، اللہ نے اُنپر دنیا و آخرت میں لعنت فرمائی ہے،

وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝

اور اُن کیلیے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کیا ہے

(۴۴) اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ۲۳/۵

اُن لوگوں کو جنھوں نے نافرمانیاں کی تھیں اور اُنکی ازداج کو اور خدا کے سوا جن کو یہ پوجا کرتے تھے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ۝

اُن سب کو اکٹھا کر لو پھر ان سب کو جہنّم کا راستہ بتا دو،

وَقِفُوهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ○ مَالَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ○

اور اُن کو ٹھہرا لو کہ اُن سے سوالات کیے جائیں — تمہیں ہو کیا گیا ہے؟ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ○

بلکہ اُس دن تو وہ بڑے تابعدار بنے ہوئے ہونگے

(۴۵) قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ○ وَ — ۲۳/۱۶

تم یہ کہدو کہ مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں خدا کی عبادت کروں اور اُسکے لیے اطاعت کو خالص کرلوں، اور

اُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ○

مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں پہلا فرماں بردار (ثابت) ہو جاؤں

(۴۶) اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ط — ۲۳/۱۷

کیا وہ شخص جس کے سینے کو اللہ نے اسلام کیلئے کھول دیا ہے وہ اپنے پروردگار کیطرف سے نور (ہدایت) پر ہے

فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ط اُولٰٓئِكَ فِيْ

(یا کوئی اور) ہے، افسوس اُن لوگوں پر جن کے دل یادِ خدا کرنے سے سخت ہوگئے ہیں، وہ تو کھلی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○

گمراہی میں ہیں

(۴۷) وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ — ۲۴/۳

اور تم لوگ اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور قبل اسکے کہ تم پر عذاب آئے اُسکے مطیع رہو

الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ○

(ورنہ) پھر تمھاری مدد نہ کی جائے گی

(۴۸) قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ — ۲۴/۱۲

تم یہ کہدو کہ مجھے تو اُنسے ممانعت کی گئی ہے جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو میں اُن کی عبادت کرنے لگوں

لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

جبکہ میرے پروردگار کی طرف سے میرے پاس کھلی دلیلیں آچکی ہیں اور اس کا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمام عالموں کے پروردگار ہی کی اطاعت کروں

(۴۹) وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ ۲۴/۱۹

اور اُس سے بہتر بات کس کی ہوگی جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور یہ کہے کہ یقیناً میں خدا

اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

کی اطاعت کرنے والوں میں ہوں

(۵۰) يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ ۲۵/۱۴

اے میرے بندو! آج نہ تم کو (آئندہ کی بابت) کوئی خوف ہے اور نہ تم (گزشتہ کی بابت) رنجیدہ ہوگے، جو لوگ

اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝

ہماری نشانیوں پر ایمان لائے تھے اور فرمانبردار رہے تھے

(۵۱) وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسَانًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ ۲۶/۲

ہم نے انسان کو اُسکے والدین کے حق میں احسان کرنیکا حکم دیا اُسکی ماں نے تکلیف سے اُسکو حمل میں رکھا اور تکلیف ہی سے اُسکو جنا اور اُسکے

وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ

حمل کی اور اُسکے دودھ چھٹنے کی مدت تیس۳۰ مہینے ہوتی، یہانتک کہ جب وہ اپنی پوری قوت کو پہونچا اور چالیس۴۰

اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

برس کا ہوگیا تو اُس نے عرض کی اے میرے پروردگار مجھے توفیق عطا فرما کہ میں تیری اُس نعمت کا شکر بجالاؤں جو

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ

تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر مبذول فرمائی ہے اور میں کوئی ایسا نیک کام کروں جسے تو پسند فرمائے اور

اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

میرے لیے میری اولاد میں صلاح پیدا کرنے، بیشک میں نے تیرے حضور میں رجوع کی ہے اور یقیناً میں فرمانبرداروں میں سے ہوں

(۵۲) قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ ۲۶/۱۰

تم ان پیچھے رہ جانے والے بدوؤں سے کہدو کہ عنقریب تم ایک بڑی سخت لڑاکا قوم کیطرف بلائے جاؤ گے (یا تو تم اُنسے لڑوگے یا

اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا

اسلام لے آئینگے، پھر اگر تم میری اطاعت کروگے تو اللہ تمکو بہت ہی اچھا اجر عنایت فرمائیگا اور اگر اسی طرح

تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

روگردان ہوجاؤ گے جیساکہ تم پہلے روگردانی کرچکے ہو تو تم کو دردناک عذاب سے معذب کیگا

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا ۲۶/۱۴

بدو یہ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے تم کہدو کہ تم ایمان نہیں لائے ہو بلکہ تم یہ کہو کہ ہم اسلام لائے (یعنی ہم نے ظاہر میں مان لیا) اور

یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

ایمان تو تمھارے دلوں میں بیٹھا ہی نہیں اور اگر تم اللہ کی اور اسکے رسول کی اطاعت کرتے

لَا یَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

رہو گے تو وہ تمہارے اعمال میں سے کچھ کم نہ کریگا بیشک اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنیوالا ہے۔

(۵۳) یَمُنُّوْنَ عَلَیْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَیَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ ۲۶/۱۴

وہ تم پر اس کا احسان رکھتے ہیں کہ وہ اسلام لے آئے، تم کہدو کہ اپنے اسلام کا احسان مجھپر نہ رکھو، بلکہ یہ

بَلِ اللّٰهُ یَمُنُّ عَلَیْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِیْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝

تو اللہ کا تم پر احسان ہے کہ اُس نے تم کو ایمان کی ہدایت کردی بشرطیکہ تم سچے ہو

(۵۴) فَمَا وَجَدْنَا فِیْهَا غَیْرَ بَیْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۚ وَتَرَكْنَا فِیْهَاۤ اٰیَةً ۲۷/۱

اور ہم نے اُن میں فرمانبرداروں میں سے ایک گھر کے سوا کسی کو نہ پایا، اور ہم نے اُن میں لوگوں کیلئے

لِّلَّذِیْنَ یَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِیْمَ ۝

جو دردناک عذاب سے ڈرینگے ایک نشانی چھوڑ دی،

(۵۵) وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ یُدْعٰۤى اِلَى ۲۸/۸

اور اُس سے زیادہ ظالم اور کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے، حالانکہ وہ اسلام کی طرف

الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

بلایا جاتا ہو اور اللہ نافرمان لوگوں کی رہبری نہیں فرماتا

(۵۶) عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ ۲۸/۲۰

اور وہ تم کو طلاق دیدے تو قریب ہے کہ اُس کا پروردگار بدلے میں اُس کے ایسی ازواج دیدے جو تم سے بہتر ہوں

مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓىِٕبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓىِٕحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝

فرمانبرداریاں کرنیوالی، ایمان والیاں، توبہ کرنیوالیاں، عبادت کرنیوالیاں، روزہ رکھنے والیاں، شوہر دیدہ، اور کنواریاں،

(۵۷) اِنَّ لِلْمُتَّقِیْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِیْنَ كَالْمُجْرِمِیْنَ ۝ ۲۹/۴

بیشک پرہیزگاروں کیلئے اُنکے پروردگار کے پاس نعمت والی جنتیں ہیں، کیا ہم فرمانبرداروں کو گنہگاروں کے مانند کردیں گے

(۵۸) وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓىِٕكَ تَحَرَّوْا ۲۹/۱۱

اور ضرور ہم میں سے کچھ فرمانبردار ہیں اور ہم میں سے کچھ نافرمان، پس جو فرمانبردار ہوا تو ایسے ہی لوگ سیدھے راستہ

رَشَدًا ۝ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۝

پر چلے، اور رہے نافرمان تو وہ بھی جہنم کے کندے بنے،